City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

# Media Story

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga



# درخت ہٹانے کا سوچ رہے ہیں؟ کاٹنے سے پہلے چیک کریں

کام شروع کرنے سے پہلے، سٹی سے معلوم کر لیں کہ آیا درخت ہٹانے کے لیے پرمٹ درکار ہے۔

18 اگست 2026

گھر کے پچھواڑے (بیک یارڈ) میں کوئی کام کرنے کا منصوبہ ہے؟ سوئمنگ پول لگانا ہے، ڈیک بنانا ہے یا راستے میں آنے والا کوئی درخت ہٹانا ہے؟

کام شروع کرنے سے پہلے معلوم کر لیں کہ آیا آپ کو درخت ہٹانے کے پرمٹ کی ضرورت ہے۔

نجی اور سرکاری دونوں املاک پر موجود درخت، سٹی کے درختوں کے تحفظ کے ضوابط کے تحت محفوظ شدہ ہیں۔ 2022 میں اپ ڈیٹ کردہ ان ضوابط کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ Mississauga میں موجود درختوں کو ذمہ داری سے سنبھالا جائے۔

کاٹنے سے پہلے چیک کر لینے سے آپ جرمانے، تاخیر اور غیر متوقع اخراجات سے بچ سکتے ہیں، ساتھ ہی ساتھ سٹی کے شہری جنگلات کے تحفظ میں بھی مدد کر سکتے ہیں۔

صحت مند درخت محض محلوں کی خوبصورتی میں اضافہ نہیں کرتے۔ بلکہ یہ سایہ فراہم کرتے ہیں، ہوا کے معیار کو بہتر بناتے ہیں، بارش کے پانی کو جذب کرتے ہیں اور گرمی کے شدید اثرات کو کم کرنے میں بھی مدد دیتے ہیں۔ جیسے جیسے Mississauga میں گرمیاں زیادہ گرم اور موسم زیادہ شدید ہوتا جا رہا ہے، شہری جنگلات کا تحفظ محلوں کو ٹھنڈا، صحت مند اور موسمی شدت کا مقابلہ کرنے کے قابل رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

## درخت کاٹنے سے پہلے جاننے کی پانچ اہم باتیں

نجی املاک، بشمول رہائشی، تجارتی یا صنعتی مقامات کے لیے:

1. 15 سینٹی میٹر یا اس سے زیادہ قطر والے تمام درختوں کے لیے پرمٹ درکار ہوتا ہے۔
   جن درختوں کا قطر 15 سینٹی میٹر یا اس سے زیادہ ہو — یعنی تقریباً اتنا جتنا ایک موبائل فون کو لمبائی کے رخ پر رکھنے سے اس کی چوڑائی بنتی ہے — تو انہیں ہٹانے سے پہلے پرمٹ لینا ضروری ہے۔ اس میں ایسا ہر وہ اقدام شامل ہے جس سے درخت کو کوئی بھی نقصان پہنچ سکتا ہو۔



2. "درخت کو نقصان پہنچانے" سے مراد صرف اسے کاٹ کر گرا دینا ہی نہیں ہے۔
ضابطے کے مطابق، درج ذیل کام درخت کو نقصان پہنچانے یا تباہ کرنے کے مترادف ہیں:
- جڑوں کے قریب کھدائی کرنا یا زمین کی سطح کو ہموار کرنا۔
- بھاری مشینری، گاڑیوں یا سامان کے ذریعے درخت کے اردگرد کی مٹی کو دبا دینا۔
- درخت کے بہت قریب کوئی بھی مواد وغیرہ رکھنا۔
- تعمیراتی کام کے نتیجے میں درخت کو نقصان پہنچانا۔
- درخت تک پانی کی رسائی میں رکاوٹ ڈالنا۔
- درخت کے قریب نقصان دہ کیمیکلز کا استعمال کرنا۔

درخت کے قریب ڈرائیو وے، آنگن، سوئمنگ پول، باڑ یا کوئی توسیعی تعمیر کرنا بھی ایسے اقدامات ہیں جن کے لیے درخت کا پرمٹ درکار ہو سکتا ہے، اس لیے کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے غور سے چیک کرنا ضروری ہے۔

3. مردہ یا سوکھتے ہوئے درختوں کو ہٹانے کے لیے بھی پرمٹ درکار ہوتا ہے۔
اگر مردہ یا سوکھتے ہوئے درخت کے لیے آربرسٹ (ماہر درختاں) کی رپورٹ حاصل کرنا ضروری نہ بھی ہو، تو پھر بھی اسے ہٹانے سے پہلے پرمٹ لینا ضروری ہے۔

4. باؤنڈری پر موجود درخت کے لیے پڑوسی کی رضامندی لینا بھی ضروری ہے۔
اگر درخت کے تنے کا کوئی بھی حصہ جائیداد کی حد سے آگے دوسری جائیداد میں پھیل گیا ہو، تو اسے باؤنڈری کا درخت سمجھا جاتا ہے۔ باؤنڈری کے درخت کو ہٹانے یا کاٹنے کے پرمٹ کے لیے درخواست دینے کے لیے، آپ کے لیے متاثرہ پڑوسی جائیداد کے مالک کی تحریری رضامندی حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔

5. متبادل کے طور پر لگائے گئے درخت بھی سٹی کے تحفظ کے دائرے میں آتے ہیں۔
اگر پرمٹ کی شرط کے طور پر آپ کے لیے متبادل درخت لگانا ضروری ہو، تو اس متبادل درخت کو بھی تحفظ حاصل ہو گا۔ آپ دوسرا پرمٹ حاصل کیے بغیر اسے بھی کاٹ یا ہٹا نہیں سکتے۔ متبادل درخت Mississauga کے محفوظ کردہ شہری جنگلات کا حصہ بن جاتے ہیں۔



## درخت کے قریب کام کرنے والے ٹھیکیداروں کے لیے

سٹی کی ملکیت والے درختوں میں وہ درخت بھی شامل ہیں جو سٹی کی سڑکوں اور پارکوں میں یا ان کے قریب موجود ہوں۔ ضوابط کے تحت یہ درخت ہمیشہ زیر تحفظ رہتے ہیں۔

درخت کے قریب کھدائی کرنا، زمین کی سطح میں کوئی تبدیلی کرنا یا تعمیراتی کام کرنا سٹی کی منظوری سے مشروط ہو سکتا ہے، چاہے آپ درخت کو ہٹا نہ بھی رہے ہوں۔ سٹی کی ملکیت والے درختوں کی شاخ تراشی، ان کی جڑوں کے قریب کھدائی یا کوئی بھی کام کرنے اور 15 سینٹی میٹر یا اس سے زیادہ قطر والے کسی بھی نجی درخت کے قریب کام کرنے سے پہلے سٹی سے پرمٹ حاصل کرنا ضروری ہے۔

## درخواست دینے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

سٹی ہر درخواست کا جائزہ لیتا ہے اور درج ذیل امور کو مدِنظر رکھتا ہے:

- درخت کو ہٹانے یا اسے نقصان پہنچانے کی وجوہات۔
- درخت کی حالت، انواع اور مقام۔
- مجوزہ ترقیاتی کاموں کے ساتھ ممکنہ مسائل۔
- کیا درخت کو ہٹائے بغیر جائیداد کو پہنچنے والے نقصان کا ازالہ کیا جا سکتا ہے۔
- درخت پر مرتب ہونے والا مجموعی اثر، اس کی جڑوں سے لے کر پتوں تک۔

ہر درخواست کا بغور جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ آیا درخت کو ہٹانا ہی واحد حل ہے یا کوئی متبادل حل بھی موجود ہو سکتا ہے۔

## ایک فوری چیک لسٹ

درخت صرف وہ نہیں جو بظاہر نظر آتا ہے۔ درخت ہٹانے سے پہلے خود سے پوچھیں:

- کیا اس کا قطر 15 سینٹی میٹر (چھ انچ) یا اس سے زیادہ ہے؟
- کیا درخت مردہ ہے، سوکھا ہوا ہے یا نقصان کا باعث بن رہا ہے؟
- کیا درخت جائیداد کی حد پر یا اس کے قریب ہے؟
- کیا میں اس کے قریب کھدائی، زمین کی سطح ہموار یا تعمیراتی کام کر رہا ہوں؟

## درختوں کا تحفظ کیوں اہم ہے

Mississauga کے شہری جنگلات میں سرکاری اور نجی زمینوں پر موجود تقریباً 2.1 ملین درخت شامل ہیں۔ درخت ہمیں سایہ فراہم کرتے ہیں، ہماری سڑکوں کو ٹھنڈا رکھتے ہیں، ہوا کے معیار کو بہتر بناتے ہیں اور مقامی جنگلی حیات کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتے ہیں۔

ہتھیلی جتنی چوڑائی والا درخت 12 سے 45 سال تک پرانا ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ آپ کے گھر سے بھی زیادہ پرانا ہو۔ ایک بالغ درخت کو ہٹانے کے بعد اس کے فراہم کردہ فوائد دوبارہ حاصل کرنے میں کئی دہائیاں لگ سکتی ہیں۔

درختوں کا تحفظ سٹی کے موسمیاتی تبدیلی کے ایکشن پلان اور شہری جنگلات کے انتظامی منصوبے کی بھی معاونت کرتا ہے، جن کا مقصد آنے والی نسلوں کے لیے شہری جنگلات کا تحفظ، بہتری اور توسیع کرنا ہے۔

اگر آپ کو یقین نہ ہو کہ آپ کو کوئی درخت ہٹانا چاہیے یا نہیں، تو پہلے سٹی سے معلوم کر لیں۔ شروع کرنے کے لیے mississauga.ca/treepermits ملاحظہ کریں۔